دار العلوم کے شب و روز ___________ مولانا حامد الحق حقانی

دار العلوم کے نئے تعلیمی سال کا آغاز الحمدللہ دار العلوم کے نئے تعلیمی سال کا آغاز باقاعدہ ۲۰ جنوری بروز جمعرات پندرہ شوال کو حضرت مہتمم صاحب مد ظلہ نے درس ترمذی سے کیا اور بعد میں نئے آنے والے طلبہ سے تفصیلی خطاب فرمایا۔ دار العلوم کے تمام درجات کے داخلے ہمیشہ سے بڑھ کر ہوئے۔ صرف دورہ حدیث میں اب تک ساڑھے پانچ سو سے زائد طلبہ کا داخلہ ہو چکا ہے اور سات سو سے زائد درخواست گزاروں سے معذرت کر دی گئی ہے۔ کیونکہ ہاسٹلوں میں جگہ کی کمی اور دیگر وسائل کی عدم دستیابی کی بناء پر مجبوراً انہیں واپس جانا پڑا۔

مہتممین صاحبان اور مدیر الحق کے بیرون ملک اسفار ۲۱ جنوری کو حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مد ظلہ حکومت لبیا کی دعوت پر طرابلس اور چاڈ کی بین الاقوامی کانفرنسوں میں شرکت کے لئے تشریف لے گئے۔ طرابلس کی کانفرنس مدارس اسلامیہ کے بارے میں منعقد کی گئی ہے جس میں پاکستان کے بڑے مدارس کے مہتممین کو خصوصی طور پر بلایا گیا ہے۔ مولانا مد ظلہ نے دبئی میں مختصر قیام فرمایا اور نماز جمعہ پڑھائی آپ دوبئی میں شاہی مہمان کی حیثیت سے ٹھہرائے گئے اور وہاں کے اعلیٰ حکام اور علماء اور حقانی فضلاء نے آپکا پرتپاک استقبال کیا۔ اسی طرح نائب مہتمم حضرت مولانا انوار الحق مد ظلہ اور استاذ الحدیث حضرت ڈاکٹر مولانا سید شیر علی شاہ صاحب مد ظلہ بھی دبئی تشریف لے گئے تھے۔ حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مد ظلہ بعد میں جزیرہ مالٹا روانہ ہو گئے۔ اسی طرح مدیر الحق مولانا راشد الحق صاحب کو بھی چاڈ کی بین الاقوامی کانفرنس میں مدعو کیا گیا ہے۔ آپ کی روانگی ۲۹ جنوری کو ہوئی۔ افریقہ کے بعد آپ کا یورپ کے مختصر دورے کا بھی پروگرام ہے۔ اسی باعث قارئین کے خطوط کے جوابات میں تاخیر ممکن ہے۔

بی بی سی کے معروف ہفت وار پروگرام ''میزان'' میں حضرت مولانا مہتمم صاحب مد ظلہ کا تاریخ ساز انٹرویو: ۱۴ جنوری کو بی بی سی کے معروف ہفت وار پروگرام ''میزان'' میں حضرت مولانا مد ظلہ کا تفصیلی انٹرویو نشر ہوا۔ پروگرام کا موضوع اقلیتوں کے خلاف مسلمانوں کی بڑھتی ہوئی شدت